**27.09.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اڈیشہ میں Jharsuguda سے 60 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کی شروعات کی ہے اور اُن کا سنگِ بنیاد رکھا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت ٹیلی مواصلاتی ٹیکنالوجی کا ایک بڑا مرکز بننے کی جانب پیش قدمی کررہا ہے۔

☆ وزیرِ اعظم نے اڈیشہ میں Brahmapur اور سورت میں Udhna کے درمیان گجرات کی پہلی امرت بھارت ایکسپریس کو ورچوئل طریقے پر جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔

☆ بھارت نے پاکستان پر دہشت گردی کو بڑھاوا دینے اور بھارت-پاکستان لڑائی کے حقائق توڑ مروڑ کر پیش کرنے کا الزام لگایا ہے۔

☆ بھارت کے موسمیات کے محکمے نے آج ملک کے وسطی اور جنوبی علاقوں میں تیز سے بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اور آج سے نئی دلّی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں 2025 کی عالمی پیرا ایتھلیٹکس 12ویں چمپئن شپ شروع ہوگئی ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Odisha Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے اڈیشہ میں Jharsuguda سے 6 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔ ٹیلی مواصلات، ریلوے، اعلیٰ تعلیم ، صحت کی دیکھ بھال، ہنرمندی کو فروغ اور دیہی علاقوں میں مکانات کی تعمیر سمیت مختلف شعبوں سے اِن پروجیکٹوں کا تعلق ہے۔

وزیرِ اعظم نے کہا کہ مستقبل میں بھارت ٹیلی مواصلات کی ٹیکنالوجی کا ایک بہت بڑا مرکز بن جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ BSNL نے ہمارے ملک میں مکمل طور پر دیسی جانکاری کی مدد سے 4G ٹیکنالوجی تیار کی ہے۔ BSNL کی سخت محنت اور مہارت کے نتیجے میں، ملک کی تاریخ میں ایک نئے دور کی شروعات ہوئی ہے۔

SB - 1400 - PM Modi on Telecom Sect.

**Guj - Amrut Bharat**

وزیر اعظم نریندر مودی نے گجرات کی پہلی امرت بھارت ایکسپریس ٹرین کو آج اوڈیشہ سے ورچول طریقے سے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اِس موقع پر ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور جل شکتی کے مرکزی وزیر سی آر پاٹل، اُدھنا ریلوے اسٹیشن پر موجود تھے۔ یہ جدید ترین، بنا AC والی سلیپر ٹرین، سورت کے اُدھنا اور اوڈیشہ کے برہماپور کے درمیان چلے گی۔ جدید ترین سہولتوں سے آراستہ یہ ٹرین مغربی بھارت اور اوڈیشہ کے درمیان تیز تر سفر کو ممکن بنائے گی، جو آسان اور کفایتی ہوگا۔ اِس امرت بھارت ٹرین سے خاص طور پر مزدوروں، طلباء اور تاجروں کو فائدہ ہوگا، ساتھ ہی عقیدتمندوں اور سیاحوں کے لیے آسان سفر بھی ممکن ہو پائے گا۔ اِس سیدھے ریل رابطے کے ذریعے مقامی کاروبار اور سماجی سرگرمیوں میں فروغ کی بھی امید ہے۔ اپنے دورے کے دوران جناب ویشنو نے بُلیٹ ٹرین اسٹیشن کا بھی معائنہ کیا۔×

**UNGA - India-Pak**

بھارت نے دہشت گردی کی پذیرائی کرنے اور بھارت-پاکستان تنازعہ سے متعلق حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرنے پر پاکستان کی سرزنش کی ہے۔ اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف کے خطاب کے بعد جواب دینے کے اپنے حق کا استعمال کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل مشن کی فرسٹ سکریٹری Petal گہلوت نے بھارتی سر زمین پر دہشت گرد حملوں کے لیے پاکستان کو مورد الزام ٹھہرایا۔ محترمہ گہلوت نے بھارت کے اپنے دفاع کے حق کو اجاگر کیا۔ فرسٹ سکریٹری نے کہا کہ پاکستان کے وزیر اعظم نے آج صبح اسمبلی میں بیجا تماشہ کیا۔ پاکستانی وزیر اعظم نے دہشت گردی کی پذیرائی کی، جو اُن کی خارجہ پالیسی میں مرکزی حیثیت رکھتی ہے۔

محترمہ گہلوت نے اپنی تقریب کے دوران بھارت کی انسداد دہشت گردی کارروائیوں بالخصوص آپریشن سندور پر روشنی ڈالی، جس میں پاکستان کے بہاول پور اور مرید کے میں واقع دہشت گردوں کے ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا۔×

**Seva Parv - Honouring India's Legacy and Heroes**

سیوا یعنی عوامی خدمت اور سُشاسن یعنی بہتر حکمرانی کے منتر سے ترغیب پا کر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت بدلاؤ اور ترقی کیلئے انتھک کام کر رہی ہے۔ آج اپنی خصوصی سیریز 'سیوا پرو' میں ہم نظر ڈالیں گے کہ کس طرح نریندر مودی حکومت نے تاریخ کے تحفظ کیلئے یاد گاریں بناکر، حب الوطنی کو فروغ دے کر اور قربانی کے جذبے سے نسلوں کو جوڑ کر بھارت کی لازوال میراث اور ہیروز کو اعزاز بخشا ہے۔

**Capsule**

*کوئی بھی ملک اپنے جانبازوں، مجاہدین آزادی مفکرین اور وراثت کے محافظوں ہمت و شجاعت سے بنتا ہے، جو اپنی قربانی اور ویژن سے اپنے ملک کی تقدیر لکھتے ہیں۔ نریندر مودی حکومت نے بھارت کے لازوال ورثے اور اس کے ہیروز کی یادگاروں اور قومی فخر کی علامتوں کے ذریعے جشن منایا*

ہے۔ وزیر اعظم مودی کی حکومت کے تحت موجودہ یادگاروں کو بازیاب کیا گیا اور نئی تعمیر کی گئیں۔ وزیر اعظم مودی نے پالیمنٹ کی نئی عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے اِس طرح کی یادگاروں کی اہمیت پر زور دیا۔

**SB - PM - 2021 - ID Speech**

نئی دلّی میں قومی جنگی یادگار ہمارے سپاہیوں کو ہمت اور قربانی کی خراج تحسین پیش کرتی ہے۔
امرتسر میں تزئین و آرائش شدہ جلیانوالہ باغ یادگار جدوجہد آزادی کے تاریک ترین ابواب میں سے ایک کی یاد کو زندہ رکھتی ہے۔ تین مورتی اسٹیٹ پر واقع پردھان منتری سنگرالیہ، بھارت کے وزراء اعظم کے سفر کو بیان کرتا ہے، جو آزادی کے بعد سے بھارت کی جمہوری روح سے ترغیب پاتا ہے۔
نیشنل پولیس میموریل، پولیس اہلکاروں کی شجاعت کو سلام پیش کرتا ہے، جبکہ قبائلی مجاہدین آزادی کا میوزیم، ملک کو جدوجہد آزادی کے گمنام قبائلی ہیروز کی یاد دلاتا ہے۔×

**PM - Article**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اِس بات کو اجاگر کیا کہ کس طرح BSNL-4G نے سودیشی کی روح کو جلا بخشی ہے۔ سوشل میڈیا پر مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترادتیہ سندھیا کے مضمون کو شیئر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ 92 ہزار سائٹس کے ذریعے 22 ملین بھارتیوں کو جوڑتے ہوئے BSNL-4G نے انحصار سے خود اعتمادی تک کے بھارت کے سفر کی عکاسی کی ہے۔ وہیں روزگار، برآمدات، اقتصادی بازیابی اور آتم نربھر بھارت کے نظریے کو بھی تقویت دی ہے۔×

**Must Announcement**

آج اپنے دو لسانی پروگرام ''مارکٹ منترا'' میں آج شام ساڑھے چھ بجے اگلے دور کی GST اصلاحات پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ اِس پروگرام میں وزارت خزانہ کے افسران اور ماہر اقتصادیات شرکت کریں گے۔ پروگرام کے دوران سامعین، ماہرین سے GST سے متعلق سوالات پوچھ سکتے ہیں۔ شرکت کے لیے اِن ٹیلی فون نمبرز پر شام ساڑھے چھ بجے سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ نمبرز ہیں :

**011-2371 7117**

اور دوسرا نمبر ہے :

**011-2331 4444**

اِس کے علاوہ واٹس ایپ نمبر پر بھی سوال پوچھے جاسکتے ہیں۔ نمبر ہے :

**9289 0940 44**

**Assam BPF**

آسام کے بوڈو لینڈ ٹیریٹوریل کونسل انتخابات میں بوڈو لینڈ پیپلز فرنٹ، BPF نے واضح اکثریت کے ساتھ اقتدار

میں واپسی کی ہے۔ BPF نے 40 رکنی کونسل کی 28 سیٹیں جیت لی ہیں۔ حتمی نتائج کے مطابق برسر اقتدار UPPL سات سیٹیں، جبکہ بی جے پی 5 سیٹیں ہی جیت سکی۔ ووٹوں کی گنتی کا عمل کل شروع ہوا تھا اور آج صبح مکمل ہوا۔×

## Palestinian Ambassador - PM Modi

بھارت میں فلسطین کے سفیر ابو شاویش نے فلسطینی عوام کی حمایت کرنے پر وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت کی ستائش کی ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب شاویش نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں بھارتی حکومت، فلسطینی پناہ گزیوں کو امداد پہنچانے والی اقوام متحدہ کی امداد اور اِس سے وابستہ ایجنسی کی حمایت کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت، فلسطین میں کئی ملین ڈالرز کی لاگت والا اسپتال تعمیر کررہا ہے۔ فلسطینی سفیر نے مزید کہا کہ بھارت کی وزارت خارجہ، فلسطین کے لیے 24 گھنٹے قابل رسائی ہے۔ سفیر شاویش نے مزید کہا کہ فلسطین، بھارت کو وسیع تر تناظر میں دیکھتا ہے اور یقین دلایا کہ فلسطین، کسی ملک کے ساتھ بھارت کے دو طرفہ تعلقات میں کوئی مداخلت نہیں کرے گا۔×

## IMD Weather

بھارت کے موسمیات کے محکمے نے چھتیس گڑھ، کیرالہ، کونکن، گوا، مہاراشٹر، کرناٹک کے شمالی اندرونی علاقے، اڈیشہ اور تلنگانہ میں تیز سے بہت تیز بارش ہونے کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمے نے آندھرا پردیش، ساحلی کرناٹک، گجرات خطے، جھارکھنڈ اور مدھیہ پردیش میں بھی بہت تیز بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ جنوبی کرناٹک کے اندرونی علاقوں، تمل ناڈو ، پڈو چیری ، کرائیکل ، مغربی بنگال اور سکم میں بھی اسی طرح کے حالات رہنے کا اندیشہ ظاہر کیا ہے۔ انڈمان و نکوبار جزائر، ساحلی آندھرا پردیش، مغربی بنگال کے میدانی علاقوں اور تلنگانہ میں بھی ہلکی بارش اور گرج چمک کے ساتھ تیز ہوائیں چل سکتی ہیں۔×

## Para Athletics Championship

آج سے نئی دلّی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں 2025 کی عالمی پیرا اتھلیٹکس 12ویں چمپئن شپ شروع ہوگئی ہے۔ اس 9 روزہ کھیل کود مقابلے میں 186 تمغوں کا فیصلہ ہوگا۔ اِن کھیلوں میں 101 مرد اور 84 خواتین کھلاڑی حصہ لیں گے اور ایک Mixed مقابلہ بھی ہوگا۔ یہ مقابلے اگلے مہینے کی پانچ تاریخ کو ختم ہوں گے۔ بھارت کی پیرا ایتھلیٹ Deepthi Jeevanji نے خواتین کی 400 میٹر اور T20 مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کرکے وہ تمغے کی اہل ہوگئی ہیں۔ انہوں نے 58 اعشاریہ تین پانچ سیکنڈ میں مطلوبہ فاصلہ پورا کیا، جو کھیلوں کے اِس سیزن کی بہترین کارکردگی ہے۔x

## Cricket

ایشیا کپ کرکٹ میں سُپر فور مرحلے کے کل کھیلے گئے انتہائی دلچسپ اور سنسنی خیز آخری میچ میں بھارت نے سری لنکا کو ہرا دیا۔ دُبئی میں کھیلے گئے اِس ڈرامائی مقابلے کا فیصلہ سُپر اوور کے ذریعے کیا گیا۔ بھارتی ٹیم پہلے ہی فائنل میں پہنچ چکی ہے اور وہ پورے ٹورنامنٹ کے دوران اپنے سبھی 6 مقابلوں میں ناقابل تسخیر رہی۔ ایشیا کپ کے فائنل میں کل بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ دُبئی میں کھیلا جانے والا یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام 8 بجے شروع ہوگا۔×

## World Toursim Day

سیاحت کا عالمی دن آج دنیا بھر میں منایا جارہا ہے۔ ہر سال 27 ستمبر کو منائے جانے والے سیاحت کے عالمی دن کے ذریعے عوام کو ایک دوسرے سے جوڑنے، ثقافتی تبادلوں کو فروغ دینے اور معاشی ترقی میں مدد کرنے میں سیاحت کی اہمیت ظاہر ہوتی ہے۔ اِس سال سیاحت کے عالمی دن کا موضوع ہے ''سیاحت اور پائیدار تبدیلی''۔ اِس کے ذریعے مثبت تبدیلی لانے کے عمل میں سیاحت کی طاقت کا اظہار ہوتا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆